ماہی جو اپنے ہی خیالو میں گم ہوتی ہے ندا کے انے کا اسے پتہ نہیں چلتا ندا ایک دم جا کر اسے ڈرا دیا ماہی ایک دم خیال سے باہر ائی نندا تم تم کب ائی بس ابھی ائی ہو یار تم نے بتایا کیو نہیں بس میں نے سب کو منا کیا تھا کے ماہی کو کوئی نا بتائیں وہ دونوں ایک دوسرے کے گلے ملی

کس کے ساتھ ائی ہی مما اور انس بھائی اچھا پھوپو اور انس بھائی بھی ائے ہے کہا ہے نیچے ہے چلو تمہارا اتیضار کر رہے ہے اور وہ دونوں نیچے چلی گی

ماہی عائشہ اور انس سے ملی کسی ہے پھوپو اپ میں ٹھیک ہو تم کسی ہو بیٹا میں بھی ٹھیک انس جو ابھی تک ماہی کو دیکھ رہا تھا اس کی خوبصورتی میں گم ہو گیا وہ پرپل کلر کے ڈریس میں بہت خوبصورت لگ رہی تھی سیدھا اس کے دل میں اتر رہی تھی یہ منظر اور بھی کوئی دیکھ رہا تھا

رضوان شاہ سدیہ حمزہ اور ارتضا ابھی اندر انٹر ہوئے تھے جب ارتضا نے انس کو ماہی کی طرف دکھتے دیکھا ارتضا کو انس کا ماہی کو دیکھنا بہت برا لگا

وہ بھی سب عائشہ ندا اور انس سے ملے انس ارتضا سے بہت عجیب طریقے سے ملا جو ارتضا نے بہت محسوس کیا

سب نے مل کر کھانا کھایا ماہی ارتضا کی موجودگی میں بہت نروس ہو رہے تھی سب نے کھانا کھالیا ماہی کیچن میں کچھ کام کر رہی تھی جب ارتضا اس کے پیچھے کیچن میں ایا ماہی نے اسے دیکھا کچھ چاہیے اپکو نہیں بس تم سے بات کرنے ایا ہو ارتضا کی بات سن کر ماہی کے دل کی دھڑکن تیز ہو گئ کونسی بات ارتضا غصے سے بولا تمھیں ایک دفعہ بات سمجھ نہیں اتی کونسی بات ماہی نے پریشانی سے پوچھا کتنی دفعہ کہو یہ دوپٹہ سر کے لیے ہوتا ہے ناکہ سائیڈ پر رکھنے کے لئیے ارتضا دوپٹہ اس کے سر پر دے کر باہر چلا گیا

ماہی کی انکھیں نم ہو گی یہ تو ہر وقت مجھ پر غصہ ہی کرتے ہے

ماہی کیچن سے سیدھا اپنے روم میں چلی گی

صبح ماہی لاونج میں بیٹھی چائے پی رہی تھی انس نے اس کی طرف دیکھا اور سیدھا اس کی طرف اگیا

ہیلو پرنسس ماہی نے نظر اٹھا کر انس کو دیکھ اسلام و علیکم انس بھائی انس تھوڑا شرمندہ ہوا و لیکم سلام پرنسس کیسے ہے اپ انس بھائی ٹھیک ہو تم کسی ہو انس کو ماہی کا بھائی کہنا ناگوار گزر رہا تھا لیکن اس کے لیے اتنا ہی کافی تھا کہ ماہی اس سے بات کر رہی ہے

مجھ سے دوستی کرو گی دوستی اپ سے جی کوئی برائی ہے مجھ میں نہیں برائی تو نہیں ہے پر ماہی کو اس کا ایسا فری ہونا عجیب لگ رہا تھا

انس نے ماہی کی طرف ہاتھ بڑھایا چلو پھر دوستی ماہی ابھی کچھ سوچ ہی رہی تھی جب انس نے اس کو پھر مخاطب کیا کیا ہوا کچھ نہیں انس بھائی ماہی

نے اسے کبھی کسی سے ہاتھ نہیں ملایا تھا پر کزن تھا اور مہمان بھی اسے انکار کرنا برا لگ رہا تھا ماہی نے کچھ سوچتے ہوئے اہستہ اہستہ ہاتھ اگیے بڑھایا جو انس نے فورا تھام لیا

دور کھڑا ارتضا یہ سب منظر دیکھ رہا تھا ارتضا کچھ کام کے لیے وجاہت شاہ کے پاس ایا تھا انس اور ماہی کو ایک ساتھ دیکھ کر بہت غصے میں اگیا ماہی کا انس کی طرف ہاتھ بڑھانا ارتضا کے غصے کو مزید ہوا دیے گیا ارتضا کے غصے سے ماتھے پر بل اے وہ ہاتھ کو مٹھی کی طرح بند کر کہ غصہ کنٹرول کر رہا تھا

ارتضا ان دونوں کو مخاطب کیے بغیر وجاہت شاہ کے کمرے کی طرف چلا گیا ماہی کی نظر ارتضا پر تو فورا اپنا ہاتھ انس کے ہاتھ سے پچھے کر لیا انس نے ارتضا کو نہیں دیکھا انس کی اس طرف بیک سائیڈ تھی پر ماہی نے کو غصے سے وجاہت شاہ کے کمرے میں جاتا دیکھ لیا تھا

ماہی ایک دم اٹھی کیا ہوا پرنسس کچھ نہیں انس بھائی مجھ کچھ کام ہے اور سیدھا اپنے روم میں چلی گئی

ارتضا وجاہت شاہ کے روم سے باہر نکلا انس لاونج میں اکیلا بیٹھا تھا انس سے اگیے بڑھ کر ارتضا سے سلام لیا اپ کب ائے ارتضا بھائی ارتضا اس کو غصے سے گور کر کوئی جواب دیے بغیر باہر چلا گیا انس پیچھے سے مسکرانے لگا وہ اپنے پلان میں کامیاب ہو رہا تھا

اس نے وجاہت شاہ کو ارتضا سے فون پر بات کرتے سن لیا تھا اسے پتہ تھا ارتضا ارہا ہے ارتضا کو اتا دیکھ کر اس نے جان بوجھ کر ماہی کی طرف ہاتھ بڑھایا

ماہی روم میں اکر ارتضا کے بارے میں سوچنے لگی کیا سوچتے ہو گیے ارتضا میرے بارے میں میں کسی لڑکی ہو مجھ انس بھائی سے بات ہی نہیں کرنی چاہیئے تھی کیا ہوا کزن ہے میرے بات کرلی تو ہوا خو دی سوچتی رہی اور بولتی رہی

اج ماہم اور مریم ماہی سے ملنے اس کے گھر ائی تھی کل منگنی تھی اس لیے اج گھر میں ڈھولک رکھی تھی سب بہت خوش تھی وہ کرن کو بھی اپنے ساتھ ذبردستی لائی تھی

حمزہ کو ندا بہت اچھی لگی تھی وہ معصوم سے لڑکی لگ ہی نہیں رہی تھی کے لندن جیسے ملک میں رہتی ہے کوئی نخرہ نہیں بہت سوفٹ نیچر تھا ندا کا ایک ہی دن میں ہر کسی کے دل میں جگہ بنالی تھی

انس ہر بات پر ماہی کو مخاطب کرتا تھا ماہی کبھی اس کی بات کا جواب دے دیتی تو کبھی اگنور کرتی یار ماہی تیرا کزن تو تیرے پیچھے ہی پڑ گیا ہے جب دیکھو تیرے ساتھ چپکا رہتا ہے ہمیں بھی بات کرنے نہیں دیے رہا یار ویسے ہے ہینڈ سم کرن بولی اوہو تمہیں بڑا ہینڈ سم لگ رہا کیا چکر ہے مریم جو کرن کے پیچھے ہی پڑ گی تھی کچھ نہیں یار ویسے ہی کہا ہے

انس واقعی ہی خوبصورت تھا صاف رنگ نیلی انکھیں ہر لڑکی کو اپنی طرف مائل کر رہا تھا کرن بھی اس کی طرف مائل ہو رہی تھی لیکن انس کے دل میں تو کوئی اور ہی بسا تھا

ڈھولک کی گھر میں خوب رونق لگی سب نے خوب مستی کی مریم ماہم اور کرن نے بہت انجوائے کیا مریم اور دانیال کی بھی نوک جھوک چلتی رہی دانیال جان بوجھ کر مریم کو تنگ کرتا اس کا اسا کرنا فردوس بیگم بہت غور سے دیکھ رہی تھی انھیں اپنے بیٹے کی پسند پر ناز تھا

ماہی نے اس دن کے بعد اپنے دوپٹے کا خاص خیال رکھا وہ باہر ہوتے وقت دوپٹہ سر پر ہی رکھتی تھی یہ بات ارتضا کو بہت اچھی لگی پر ارتضا کو انس کو ماہی کا بات کرنا بہت برا لگ رہا تھا انس جان بوجھ کر ماہی سے ہنس ہنس کر کر بات کر رہا تھا وہ جان بوجھ کر ارتضا کو غصہ دلا رہا تھا ماہی کو بھی انس کا یوں فری ہونا عجیب لگ رہا تھا

کافی دیر تک ڈولک کا فنگشن چلتا رہا رات دیر سے سب اپنے اپنے روم میں گیے کیو کہ کل منگنی تھی سب ریسٹ کرنے چلے گیے اور رات بھر منگنی روکنے کا سوچتا رہا وہ پریشان تھا کہ ارتضا کوئی ریکشن کیوں نہیں کے رہا وہ چہتا تھا کے وہ اپنا غصہ باہر نکلے پر ارتضا اسا کچھ نہیں کر رہا تھا وہ کل کے لیے کچھ پلان کر رہا تھا رآت دیر تک وہ یہی سوچتے سوچتے سو گیا

صبح ہر طرف افرا تفری کا عالم تھا منگنی کا ارجمنٹ حمدان شاہ کے گھر میں ہی تھا حمدان شاہ کا گھر بہت بڑا تھا اس لیے باہر لان میں منگنی کا سارا انتظام کیا گیا لان کو بہت خوبصورتی سے سجایا گیا

انس سے اپنی اور ماہی کی تصاویر کسی انجان نمبر ارتضا کو سنڈ کر دی اس نے وہ تصاویر ماہی سے چھپ کر لی تھی اس نے وی تصاویر اڈیٹ کی تھی اپنی اور ماہی کی پیکس اسے بنائی تھی جیسے وہ دونوں بہت قریب ہو ارتضا جو ابھی وشروم سے فریش ہو کر نکلا تھا بیل بجنے پر اپنے موبائل کی طرف دیکھا کسی انجان نمبر سے میسج تھا ارتضا نے میسج کھولا تو اس کے پیروں تلے زمین ہی نکل گئی اس میں انس اور ماہی کی پیکس تھی جس میں وہ دونوں بہت قریب تھے

منہیل کو دانیال نے بیوٹی سیلون چھوڑا اور جلدی گھر آگیا اس کو اور بھی بہت کام تھے منہل کے ساتھ ندا بہت چلی گی میک اپ اٹس نے ماہی کو بہت ماہر طریقے سے تیار کیا وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی میم

اپ کا ڈریس بہت اچھا ہے اپ بہت خوبصورت لگ رہی ہے شکریہ وقعی ماہی تم بہت پیاری لگ رہی ہو ندا تم بھی بہت پیاری لگ رہی ندا نے فسٹ ٹائم میک اپ کروایا تھا ندا ابھی بہت خوبصورت لگ رہی تھی انس پیکس سنڈ کر کے مسکرا رہا تھا اسے یقین تھا کہ ارتضا اج نہیں اے گا

ندا اوڑ ماہی کو لینے دانیال پہنچ گیا اپنی بہن کو دیکھ کر اسکی انکھیں نم ہو گی میری گڑیا تو بہت پیاری لگ رہی ہے ماہی دانیال کے گلے لگ گی ندا دونوں بہن بھائی کو دیکھ رہی تھی اس کے بھائی نے کبھی اس سے اس طرح محبت نہیں کی اج صرف منگنی ہے باقی انسور خصتی کے لیے بچا لیے ندا کی بات سن کر دونوں لگ ہوے

ہر کوئی ماہی کی نظر اتار رہا تھا ماہم کو مریم بھی پہنچ ان کے ساتھ کرن بھی تھی کرن کی نظریں انس کو ڈھونڈ رہی تھی انس اس کو بہت اچھا لگا تھا

احمد بھی اپنی فمیلی کے ساتھ ایا تھا سب احمد کی فمیلی سے بہت اچھے طریقے سے ملے احمد کی فمیلی میں احمد اس کی مما پاپا اور ایک چھوٹا بھائی حامد تھا سب از منگنی پر اے تھے ماہم اپنی خالا اور اس کی فمیلی سے ملی اور ان کو بتایا کے ماہی اس بیسٹ فرینڈ ہے احمد ماہم کو دیکھے جا رہا تھا حامد نے اسے ٹوکا بھائی بھابھی کو نظر لگانی ہے کیا احمد نے اپنی نظریں پھیر لی

کافی دیر ہو گئ تھی رضوان شاہ کی فمیلی کا کوئی اتا پتہ نہیں تھا انس بہت خوش تھا اس کو پتہ تھا ارتضا نہیں ایا تھا وجاہت شاہ نے ہمدان کو کہا فون کرو رضوان کو ائے نہیں ابھی تک اباجی کیا ہے بھائی صاحب اٹھا نہیں رہے

رضوان شاہ اور سدیہ بہت پریشان تھے وہ پچھلے دو گھنٹے سے اسے فون کر رہے تھے وہ اٹھا نہیں رہا تھا

حمزہ ارتضا کو ڈھونڈے گیا ہوا تھا کافی ٹائم ہو گیا وہ بھی نہیں ایا تھا چلو سدیہ کافی ٹائم ہو گیا ہے ہم اباجی کو جا کر بتا دیتے ہے وہ سب انتظار کر رہے ہو گے

رضوان شاہ اور سدیہ کو اتے دیکھ کر وجاہت شاہ حمدان اس کی طرف گیے کہارہ گیے تھی تم رضوان اور ارتضا اور حمزہ کہا ہے وہ دونوں چپ رہے میں تم دونوں سے کچھ پوچھ رہا ہو

رضوان نے ساری بات وجاہت کو بتا دی حمزہ گیا ہے ارتضا کو ڈھونڈنے ان کی بات سن کر وجاہت حمدان فردوس اور عائشہ سب کے پیروں تلے زمین نکل گیئ وجاہت کو ارتضا پر بہت غصہ ارہا تھا انھیں یقین نہیں آرہا تھا کے ان کا لاڈلا پوتا اسا کر سکتا ہے یہ سن کر وجاہت شاہ کی طبیعت بگڑ گئی انھیں اندر روم میں لے گیے سب مہمان باتیں کرنے لگ گیے کچھ سمجھ نہیں ارہا تھا کہ کیا ہو رہا ہے کچھ لوگ ماہی پر ترس کھا رہے تھی کچھ باتیں کر رہے تھی

ماہی کو کسی بات کا علم نہیں تھا فردوس بیگم نے ماہی کو بتانے سے منع کر دیہ

کچھ دیر میں حمزہ ارتضا کو لے کر ا گیا سب لوگ ارتضا کو بہت غور غور کر دیکھ رہے تھے ارتضا کو دیکھ کر انس کے رنگ ہی اڑ گیے

ارتضا سیدھا وجاہت شاہ کے روم میں گیا جہاں سب گھر والے تھے سب ارتضا کو بہت غصے سے دیکھ رہے تھے رضوان نے تو اس کے منہ پر تھپڑ مار کیا بگاڑا تھا اس معصوم بچی نے تمھارہ کیو کیا تم نے ایسا

مجھے دادا جان سے اکیلے میں بات کرنی ہے سب باہر جاؤ وجاہت شاہ بولے

سب گھر والے باہر چلیے گیے اب بولو ارتضا میرے پیار میں کیا کمی رہ گی تھی جو تم نے ایسا کیا کیا بگاڑا تھا ماہی نے تمھارہ کیو کیا تم نے

اپ بھی دادا جان مجھے غلط سمجھ رہے ہے میں منگنی نہیں کر سکتا اس کی بات سن کر وجاہت شاہ کے غصے سے ماتھے پر بل پر گیے

جی دادا جان میں منگنی نہیں کر سکتا انس باہر کھڑا انس سب سن خوش ہو رہا تھا یہ تم کیا کہہ رہے ہو ارتضا

انس یہ سب سن کر وہاں سے چلا دادا جان اپ مجھے غلط سمجھ رہے ہے میں ماہی سے نکاح کرنا چاہتا ہوا ابھی

اور اسی وقت یہ کیسے ممکن ہے ممکن ہے دادا جان اپ منگنی کی جگہ نکاح کروا دیے ویسے بھی منگنی کوئی پائیدار رشتہ نہیں ہے

بیٹا اتنی جلدی نکاح کیسے ممکن ہے حمدان فردوس کو نہیں پتہ تمھارے ماں باپ کو نہیں پتہ سب سے بڑی بات منہل کیسے تیار ہو گی اتنی جلدی

اپ سب سے بات کرے سب مان جائے گیے میں نے کوئی غلط بات نہیں کی ماہی بھی مان جائے گی صرف نکاح ہے رخصتی ماہی جب کہے گی تب ہو گی

وجاہت شاہ نے حمدان شاہ رضوان شاہ فردوس سعدیہ اور عائشہ کو اندر بولایا اور سب کو ارتضا کا فیصلہ سنایا سب لوگ سن کر خاموش ہو گیے

ابا جان اتنی جلدی نکاح

پھوپو اس میں کوئی غلط بات نہیں ہے میں ماہی ساتھ جائز رشتہ بنانا چاہتا ہو

پر بیٹا ماہی اب کی بار فردوس بیگم بولی

کچھ نہیں کہے گی وہ میں خود اس سے بات کرو گا

For more visit (exponovels.com)

سب نکاح کے لیے مان گیے فردوس بیگم نے ارتضا کو ماہی سے بات کرنے کے لیے منا کر دیا اور کہا کے وہ خود بات کر لیے گی

ہر طرف نکاح کا شور پڑ گیا سب حیران ہو گیے منگنی کی جگہ نکاح کا سن کر انس کے تو پیروں تلے زمین ہی نکل گئی اس کا پلان فیل ہو گیا تھا وہ بہت غصے سے وہاں سے چلا گیا جاتے جاتے ارتضا کو غصے سے غورا ارتضا اس کو ہی دیکھ رہا تھا اس کی نظروں میں ارتضا کے لیے وارنگ تھی ارتضا اس کو دیکھ کر مسکرا رہا تھا مسکرا لو جتنا مسکرانہ ہے ارتضا شاہ بہت جلد تمھاری زندگی سے ساری خوشیاں چھین لو گا یہ انس ملک وعدہ تم سے انس وہاں سے چلا گیا

فردوس بیگم نے ماہم مریم کو نکاح کا بتایا کہ وہ ماہی کو بتا دیے ماہی نکاح کا سن کر بہت شوکڈ ہوئی نکاح اتنی جلدی کیوں کیا ہو گیا مجھ کچھ سمجھ نہیں ارہا کیا ہو رہا ہے اتنی دیر میں فردوس بیگم ماہی کے روم میں ائی مما یہ سب کیا ہو رہا ہے منگنی کی جگہ نکاح کیوں میں ابھی نکاح کے لیے تیار نہیں ہو بیٹا میری بات تو سنو صرف نکاح ہے رخصتی نہیں ہے ارتضا کا کہنا ہے منگنی کوئی پائید ار رشتہ نہیں ہے مما لیکن ایک دم نکاح مجھ کچھ سمجھ نہیں ارہا

بیٹا تم زیادہ سچو مت باہر سب مہمان ہے ہماری عزت کا سوال ہے میں تمھارے اگیے ہاتھ جوڑتی ہو پلیز ماہی مان جاو ماہی کو اس طرح التجا کرتے دیکھ کر ماہی کو منانا ہی پڑا پلیز مما اپ اس نا کہیں ٹھیک ہے مما اپ جیسا چاہیے گی ویسا ہی ہو گا

میں تیار ہو فردوس بیگم نے ماہی کو اپنے گلے لگا لیا اور رونے لگی شکریہ بیٹا تمہارا وہاں روم میں یہ منظر دیکھ کر سب کی انکھیں نم ہو گی

فردوس بیگم نے باہر اکر سب کو اطلاع دی ماہی نکاح کے لیے راضی ہو گی یہ بات سن کر سب بہت خوش ہوے ارتضا کی بھی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا

نکاح کے لیے مولوی صاحب بھی اگیے مولوی صاحب کو نکاح کے لیے ماہی کے روم میں لے جایا گیا مولوی صاحب کے ساتھ گھر کے سارے بڑے بھی ماہی کے روم میں گیے ماہم نے منہل کا کھو کھٹ کر دیا نکاح شروع کریں وجاہت شاہ نے اجازت دی مولوی صاحب نے نکاح شروع کیا

منہل شاہ ولد حمدان شاہ اپکو ارتضا رضوان شاہ کے نکاح میں سکہ رائج الوقت پانچ لاکھ روپے دیا جاتا ہے کیا اپکو قبول ہے ماہی کچھ نا بولی مولوی صاحب نے دوبارہ یہ الفاظ دہرا ے سب لوگ پریشان ہو گیے بولو ماہی بیٹا ماں کی اواز سن کر ماہی ہوش میں ائی

قبو۔۔۔۔۔ قبول ہے ماہی کی اواز سن کر سب کا سانس بحال ہوا تینوں دفعہ ماہی نے قبول کہا دانیال نے ماہی کے اگیے نکاح کے پیپر کیے جس کو اس نے کپاتے ہاتھوں سے سائن کیا سب نے ایک دوسرے کو مبارک باد دی فردوس سدیہ اور عائشہ نے ماہی کو گلے لگایا اور سر پر بوسہ دیا

نکاح خواں کو باہر اتا دیکھ کر ارتضا کا سانس بہال ہوا ارتضا نے بھی نکاح نامے پر سائن کیے سب نے اس کو باری باری مبارک باد دی

نکاح کے بعد ماہی کو باہر لایا گیا ماہی ماہم اور مریم کے سنگ چلتی ہوئی سٹیج کے طرف جا رہی تھی ارتضا نے جب ماہی کو دیکھا تو دیکھتا ہی رہ گیا وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی سٹیج کے پاس جا کر رکی ارتضا نے اپنا ہاتھ اگیے بڑھایا تو ماہی ہاتھ تھامے بغیر ارتضا سے پہلو میں کھڑی ہو گی اس کی یہ حرکت ارتضا کے علاوہ ماہم اور مریم نے بھی دیکھی لیکن سب چپ رہے ہر کوئی ارتضا اور ماہی کو حسرت سے دیکھ رہا تھا وہ دونوں ساتھ بہت خوبصورت لگ رہے تھے

ارتضا اج بہت خوش تھا جس کو چہا پا لیا جائے فنکشن ختم ہونے کے بعد سب اپنے اپنے گھروں کی طرف چلے گیے

ماہی بھی روم میں اگی اور ذور سے دروازہ بند کر کیا اور غصے سے سب چیزوں کو نیچے پھیکنے لگی نہیں ارتضا اپ کسے جیت سکتے ہے اپنی سب چیزیں اتار کر پھینک دی اور خود بیڈ پر الٹی لیٹ گی

ارتضا گھر ایا تو رضوان شاہ اس پر برس پڑے یہ کیا حرکت کی تم نے اج کیا ہوا پاپا نکاح ہی کیا وہ بھی اپکی موجودگی میں ۔۔ میں نکاح کی بات نہیں کر رہا تم اس سے پہلے کہا غائب تھے پاپا وہ بس ایک ضروری کام سے گیا سوری اپ میری وجہ سے پریشان ہوئے اس نے کافی حد تک اپنے پاپا کا غصہ ٹھنڈا کر لیا تھا کیا ہو گیا ہے شاہ جوان بیٹا خیر سے اب شادی شدہ ہے سدیہ کی بات سن کر رضوان شاہ چپ ہو گیے اور ارتضا اپنے روم میں چلا گیا

ارتضا روم میں اکراج کے بارے میں سوچنے لگا جب اس کو کسی انجان نمبر سے انس اور ماہی کی پیکس ائی پہلے تو پیکس دیکھ کر وہ بہت غصے میں ایا پیکس دیکھ کر بہت پریشان ہوا ماہی اس نہیں کر سکتی اس نے تو کبھی مجھ سے نظریں ملا کر بسٹ نہیں کی تو پھر انس کے ساتھ تصویر رتضا کچھ سوچنے لگا لیکن غور کرنے پر اسے شک ہوا کہ پیکس میں کچھ گڑبڑ ہے اس نے اپنے دوست کو فون ملایا جو پیکس اڈیٹ کا کام کرتا تھا اور اس سے ملنے چلا گیا کہا ہوتے ہو یار کبھی ملے نہیں بس بزنس میں بزی ہو تم سناؤں کام کسا چل رہا بس یار اپنا

شوق پورا کر رہا ہو یار تجھ پتہ تو ہے مجھ فوٹو گرافی اور فوٹو ایڈیٹنگ کا کتنا شوق تھا اب وہی کر رہا ہو علی اور ارتضا یونیورسٹی فیلو تھے اور بہت اچھے دوست بھی

تو نے اج مجھے کسے یاد کر لیا بس کام تھا تم سے ایک

تیرے لیے تو جان بھی حاضر ہے کام بتا یار یہ کچھ تصاویر ہے یہ بتا یہ اڈیٹ کی گی یا ریل ہے ارتضا اپنا فون علی کی طرف بڑھتا ہے علی تصویریں غور سے دیکھتا ہے یہ پیکس اڈیٹ کی گی ہے ریل نہیں ہے اس طرح کی پیکس ہے میرے پاس یہ دیکھ ڈریس سیم ہے بس اپر سے face چنج ہے علی کی بات سن کر ارتضا نے اللہ کا شکر ادا کیا شکریہ بہت بہت علی تمھارا اوسے یہ ہے کون بھابھی ہے تیری تو نے شادی کر لی اور بتایا نہیں شادی نہیں اج منگنی ہے اجا تو بھی میرے ساتھ نہیں یار اج نہیں اج بہت ضروری کام ہے تیری شادی پر پکا اوگا چل ٹھیک ہے مجھ دیر ہو رہی ہے

اور اس نے پکا ارادہ کر لیا وہ انس کو نہیں چھوڑے گا میں اج ہی ماہی سے نکاح کروگا مجھ انس کے ارادے ٹھیک نہیں لگتے ابھی وہ سوچ ہی رہا تھا کہ اسے حمزہ مل گیا کہا تھے بھائی اپ سب اتنا پریشان ہو رہے ہے چلیں گھر اپ مما پاپا تو حمدان چاچو کی طرف چلے بھی گیے ہے اور وہ دونوں گھر کی طرف روانہ ہو گیے

انس کو گھر سے گیے دو گھنٹے ہو گیے تھے ندا بار بار انس کو فون کر رہی تھی انس کا فون مسلسل بج رہا تھا انس جو بہت تیز گاڑی چلا رہا تھا ایک دم رکا اور ندا کا فون اٹھایا کیا مسلہ ہے وہ ایک دم چیخا بھائی کیا ہو گیا ہے اپکو کہا ہے اپ کو پتہ ہے ارتضا بھائی اور ماہی کا نکاح ہو گیا ندا کی بات سن کر انس نے اپنا فون سامنے زور سے مارا ارتضا میں تجھے نہیں چھوڑو گا تیرا انجام بہت برا ہو گا تم اپنی الٹی گنتی گننا شروع کر دو

ماہی جب صبح اٹھی تو اس کی انکھیں رات بھر رونے کی وجہ سے لال ہوئی تھی وہ کسی سے بھی بات کیے بغیر یونیورسٹی چلی گی یونیورسٹی میں بھی اس نے کسی سے بات نہیں کی ماہم مریم اور کرن اس کو بولاتی رہی پر اس نے کسی کی بات کا جواب نا دیا

نکاح کو ایک ہفتہ ہو گیا تھا پر ماہی نارمل نہیں ہوئی سب سب کے ساتھ کھانا کھاتی اور واپس اپنے روم میں چلی جاتی وہ اسے ہی گم صم بیٹھی رہتی اج ماہم اور مریم اس کے گھر ائی بات کرنے کے لیے

عائشہ اور ندا الندن واپس چلی گی اور انس کچھ کام کا کہہ کر اپنے کسی دوست کی طرف روک گیا

ارتضا وجاہت شاہ کے پاس کچھ کام ایا تھا جب اسے ماہی کے روم سے اوزیں ائیں ماہی کو دیکھے اس کو ایک ہفتہ ہو گیا تھا نکاح کے بعد ماہی اس کے سامنے نہیں ائی ماہی کی آواز سن کر اس کے قدم ماہی کے روم کی طرف چل پڑے

مریم ور ماہم ماہی سے بات کرنے اس کے روم میں تھی جب ماہی انچی اواز میں بات کر رہی تھی مسلہ کیا اپ سب کا کرلی نا اپ لوگوں نے اپنی مرضی مان لی نا اپ سب کی بات اب کیوں تنگ کر رہے ہو مجھ ماہی تو ہم سب کو غلط سمجھ رہی ہے ماہی کے الفاظ سن کر اترضا کے قدم روم کے باہر ہی روک گیے

ماہی مسلہ کیا ہے تمھارے ساتھ سب تم سے اتنا پیار کرتے ہے تم سب کے پیار کا ناجائز فائدہ اٹھا رہی ہو نہیں کرتا کوئی مجھ سے پیار۔۔۔۔پیار کرتے تو یوز بردستی نکاح کے لیے مجھ راضی نا کرتے زبر دستی نا کرتے میرے ساتھ سب کو اپنی عزت پیاری ہے

ماہی تمہارا دماغ ٹھیک اب کی بار مریم بولی سب تجھ سے بہت پیار کرتے ہے اس دن سچوشن ہی اسی تھی نکاح کرنا پڑا کیوں میں بھاگئ جا رہی تھی مریم اور ماہم نے ماہی کو کچھ حد تک نارمل کر لیا تھا

ور سب کے پیار کی بات سب تجھ سے بہت پیار کرتے ہے اور ارتضا بھائی تو دیوانے ہے تیرے کوئی نہیں پیار کرتے وہ مجھ سے ہر وقت ڈانتے رہتے ہے کبھی پیار سے بات تو کی نہیں اچھا تو یہ مسلہ ہے جانب کا ہاں تو اور کیا ہر وقت غصے میں رہتے ہے ذرا رومینٹک نہیں ہے ہٹلر ہے پورے ماہی کے منہ سے اپنے لیے تعریف سن کر ارتضا تو ہکا بکا رہ گیا اور مسکراتا ہوا وجاہت شاہ کے روم کی طرف چلا گیا

ماہی کو ایک دم اپنی غلطی کا احساس ہوا وہ ان دونوں کے سامنے کیا بول گی او ہو ہماری ماہی میڈم کو رومینٹک بندہ چاہیے ماہی مریم کی بات سن کر شرم سے لال ہو رئی تھی اور ماہم ان دونوں کو دیکھ کر مسکرا رہی تھی

ارتضا گھر اکر ماہی کو باتوں کا سوچ رہا تھا اور سوچ کر مسکرا رہا تھا اسا سوچتی ہے منہل میرے بارے میں اس کے لیے تھوڑا رومینٹک ہونا پڑے گا

انس بہت بڑا پلان بنا رہا تھا ماہی اور ارتضا کو الگ کرنے کا اس دفعہ جیت میری ہو گی ارتضا شاہ تم انس ملک کو ہارا نہیں سکتے ماہی صرف میری ہے صرف میری

مریم یونیورسٹی سے گھر جا رہی تھی لیکن اس کی بس مس ہو گی وہ روڈ پر پیدل چل کر گھر جا رہی تھی جب اس کو دانیال مل گیا کدھر جا رہی ہو مس دانیال کی اواز سن کر مریم پلٹی تم سے مطلب۔۔۔۔۔ مطلب تو بہت ہو گیے مجھ سے او میں تمھیں گھر چھوڑ دو نہیں شکریہ میں چلی جاو گی میں تمھاری کھا نہیں جاو گا اجاو دانیال کے بار بار کہنے پر مریم اس کے ساتھ گاڑی میں بیٹھ گئ

اس کو باہر بہت عجیب لگ رہا تھا دانیال کے ساتھ اکیلے گاڑی میں بیٹھنا پر مجبوری تھی اس کو اکیلے جانے سے ڈر لگتا تھا وہ گاڑی میں بیٹھی اور دانیال نے گاڑی سٹاٹ کر دی

گاڑی میں مکمل خاموشی تھی خاموشی کو دانیال نے توڑا بہت عجیب لگ رہا ہے نا میرے ساتھ گاڑی میں بیٹھنا نہیں اسی تو کوئی بات نہیں ہے

مریم میں تم سے کچھ کہنا چاہتا ہو پر کبھی موقع نہیں ملا اج موقع بھی ہے اور تم ساتھ بھی ہو تو سوچ رہا ہو اپنے دل کی بات تم سے کہہ دو میں کچھ سمجھی نہیں مریم میں تمھیں پسند کرتا ہو میں چہتا ہو تم اسی طرح میرے ساتھ میری گاڑی کی فرنٹ سیٹ پر بھٹو

دماغ ٹھیک ہے تمہارا پتہ بھی ہے کیا کہہ رہے ہو اس میں کیا غلط بات ہے جو تم اسے ریکشن کر رہی ساری بات غلط ہے دانیال میری منگنی ہو چکی ہے ابھی نہیں بچپن سے میں کسی کی امانت ہو مریم کی بات سن کر دانیال سکتے میں اگیا سوری مجھ نہیں پتہ تھا اس کو سمجھ نہیں ارہا تھا کہ وہ مریم کو کیا کہے اس نے اپنے غصے کو کنٹرول کر کے بغیر دوبارہ مریم سے بات کیے مریم کو اس کے گھر ڈروپ کر دیا اور خود دیوانہ وار سڑکو پر گاڑی بھاتا رہا کیوں ہو مجھے اس سے محبت کیوں کیا میں نے اس سے عتراف کیوں اپنا مزاق بنوایا کیوں کیوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فردوس بیگم اور ماہی لاونج بیٹھی چائے پی رہی تھی اور سارا پاس بیٹھی ٹی وی دیکھ رح تھی ماہی میں سوچ رہی ہو دانیال کی بھی شادی کر دو یہ تو بہت اچھی بات ہے مما بھائی کی شادی بہت مزہ اے گا واو بھائی کی شادی

کب ہو رہی ہے بریک سارا بریک ہمیں لڑکی تو ڈھونڈنے دو لڑکی تو میں نے ڈھونڈ لی ہے فردوس بیگم کی بات سن کر دونوں اپنی ماں کو دیکھتی ہے کون مما مریم بہت پیاری بچی ہے مجھے بہت پسند ہے یہ اپ کیا کہہ رہی ہے مما اسا نہیں ہو سکتا کیوں بیٹا مما اس کی تو بچپن سے ہی منگنی ہو گی ہے اپنے کزن کے ساتھ او سوری بیٹا مجھے نہیں پتہ تھا کبھی ذکر نہیں ہو ونا اس نے ہی منع کیا تھا ذکر کرنے سے ہم اپنے بھائی کے لیے کوئی اور لڑکی ڈھونڈ لے گیے

مریم گھر او کر سیدھا اپنے روم میں چلی گی وہ جو کب سے ضبط کیے بیٹھی تھی کمرے میں اکر رونے لگ گی کیوں ہوا میرے ساتھ اسا کیوں مجھ وہ اچھا لگتا ہے میں نے تو اپنے دل کو سمجا لیا تھا پھر کیوں اس نے اسا کہا مریم کا تعلق میڈل کلاس فیملی سے تھا مریم کے والد احسان صاحب سرکاری ملازم تھے یہ 2 بھائی اور ایک بہن تھے بڑے بھائی کی شادی ہو گی تھی وہ اپنی بیوی کو لے کر الگ ہو گیا تھا چھوٹا بھائی مریم سے ابھی میٹرک میں تھا

مریم اس دن کے بعد چپ چپ سی ہو گی تھی منہل کے گھر تو بلکل نہیں جا رہی تھی ماہم ور منہل نے بھی فیل کیا کہ مریم کچھ چپ چپ ہے لیکن وہ ان کو ٹال گئی دانیال نے بھی دوبارہ مریم کو مخاطب نہیں کیا ماہم کی شادی کی ڈیٹ فکس ہو گئی فائنل پیپر کے بعد ماہم کی شادی تھی

وہ سب پیپر کی تیاری میں مصروف تھی کھانے پینے کا ہوش نہیں تھا ہر وقت پڑھائی ماہم کی شادی کی شوپنگ بھی پیپرز کے بعد کا پلان کیا تھا

ماہی روم میں بیٹھی پڑھ تھی تھی جب فردوس بیگم اس کے لیے کافی بنا کر لائی کسی تیاری جا رہی تھی میری بچی کی اچھی جارح ہے مما ائیں بیٹھے ماہی اپنی بکس اٹھا کر سائیڈ پر رکھ دی

نہیں بیٹا اپ پڑھو میں تو صرف اپکو کافی دینے ائی تھی

مما مجھ کافی کے ساتھ ساتھ اپکی بھی ضرورت ہے ویسے بھی میری تیاری ہو گی ہے فردوس بیگم اس کے پاس بیٹھ گی بیٹا اپ مجھ سے ناراض ہے

نہیں مما اپ کسی باتیں کر رہی ہے میں اپ سے کیوں ناراض ہو گی بس تھوڑا سا غصہ تھا جو اب ختم ہو گیا بیٹا ارتضا بہت اچھا ہے مجھے یقین ہے میری بیٹی اس کے ساتھ بہت خوش رہے گی ماہی چپ چاپ اپنی ماں کی باتیں سنتی رہی

فردوس بیگم کے جانے کے بعد منہل فریش ہونے چلی گئ ارتضا اج سپشل ماہی سے ملنے ایا تھا فردوس بیگم سے مل کر ان کے پاس بیٹھ گیا اور چچی جان کسی ہے اپ وہ بات تو فردوس سے کر رہا تھا پر ڈھونڈ ماہی کو رہا تھا میں ٹھیک ہو بیٹا چچی جان ماہی گھر پر نہیں ہے گھر پر ہی ہے بیٹا روم میں ہے اپنے کل لاسٹ پیپر ہے

پڑھ رہی ہے جاو اپ جا کر مل لو فردوس بیگم نے اس کی مشکل اسان کر دی وہ وہاں سے سیدھا منہل کے روم کی طرف چلا گیا

ارتضا نے جب کمرے میں قدم رکھا تو کمرہ خالی تھا ارتضا واپس جانے لگا تو وشروم سے اواز ائی وہ مسکرایا وہ بیٹھ کر ماہی کا اتیظار کرنے لگا کچھ دیر میں ماہی وشروم سے بال خشک کرتی باہر ائی وہ سفید رنگ کے سوٹ میں کسی پری سے کم نہیں لگ رہی تھی اس کی نظر ایک دم ارتضا پر پڑی تو اس کو احساس ہوا کہ وہ بغیر ڈوپٹے کھڑی ہے اس نے بیڈ سے جلدی سے ڈوپٹہ اٹھا کر اڑا

اپ یہاں کیا کر رہے ہے

کچھ نہیں تم سے ملنے ایا تھا دل کر رہا تھا تمھیں دیکھنے کو وہ چل کر ماہی کے اور قریب اگیا اس کی بات سن کر ماہی کے دل کی دھڑکن تیز ہو گئ

پر یہ ٹھیک نہیں ہے

سب ٹھیک ہے جان من نکاح ہوا ہے ہمارا بیوی ہو میری حق ہے میرا اس نے کھینچ کر ماہی کو اپنے مضبوط حصار میں قید کر لیا پر ابھی رخصتی نہیں ہوئی مجھ کوئی فرق نہیں پڑتا میں بورنگ بندہ ہو ناور ہٹلر ہو تو سوچا تمھیں اپنے رومینس کی ایک جھلک دیکھا دوارتضا کی بات سن کر ماہی کو اپنی مریم ورماھم سے کی باتیں یادا

گئ تو کیا ارتضا نے سب سن لیا تھا وہ ابھی سوچ ہی رہی تھی جب اس اپنی کمر پر ارتضا کی انگلیوں کا لمس محسوس ہوا یہ کیا کر رہے ہے اپ کچھ نہیں ایک دم چپ وہ ماہی کے منہ کی طرف جھکنے لگا اس کا فوکس ماہی کا ڈمپل تھا ماہی نے اپنی انکھیں زور سے بند کر لی ارتضا نے ماہی کے ڈمپل پر اپنے ہونٹ رکھ دیے ارتضا کی اس گستاخی پر ماہی اندر تک ہل گئ پیچھے ٹیبل کا سہارا نا ہو تا رت تو وہ ابھی تک گر چکی ہوتی پلیز چھوڑ دیے ارتضا نے اس کے ماتھے پر بوسہ دیا اور پیچھے ہٹ گیا ماہی جلدی سے سیدھی ہوئی

تم تو ابھی گھبرا گئی ہور خصتی جی کے بعد کیا کروگی ارتضا کی بات سن کر ماہی شرم سے لال ہو گئی ارتضا کو اس کو تنگ کرنے کا بہت مزہ ارہا تھا

اپ نے میری باتیں سنی نہیں جناب سنی نہیں بس اپکی اواز اگی کانوں میں ویسے میں اتنا بھی ہٹلر نہیں ہو رومینس کرنا اتا ہے مجھے ارتضا کی باتیں سن کر ماہی شرم سے لال ہوئی جا رہی تھی

اب تو یقین اگیا یا اور یقین دلاو ارتضا کی بات سن کر ماہی ایک دم بولی نہیں نہیں ارتضا مسکرانے لگ گیا میرا اب گزارا نہیں ہے دادا جان سے کہہ کر جلدی رخصتی کرواتا ہو نہیں اتنی بھی جلدی نہیں ارتضا ماہی کے ماتھے پر بوسہ دیے کر روم سے چلا گیا

ماہی کافی دیر تک سکتے میں رہی کیا یہ ارتضا تھا وہی کروس ارتضا وہ اپنے ماتھے اور گال پر اس کا لمس محسوس کر سکتی تھی

کیا ہوا اپی سارا ایک دم روم میں ائی اس کی اواز سن کر ماہی ارتضا کے خیال سے باہر ائی کچھ نہیں ارتضا بھائی چلے گیے ہاں چلے گیے مما اپکو کھانے پر بولا رہی ہے ارہی ہو ماہی سارا کے ساتھ چلی گئ

ماہم پڑھ رہی تھی جب اس کو احمد کا فون ایا وہ سوچ رہی تھی اٹھاو یا نا اٹھاو فون بج بج کر بند ہو گیا شکر ہے خود ہی بند ہو گیا وہ ابھی دوبارہ بکس میں گھسنے ہی والی تھا ایک دفعہ پھر فون اگیا تین چار بل کے بعد فون ریسو کر لیا کیا ہوا جناب فون کیوں نہیں اٹھا رہی تھی وہ میں پڑھ رہی تھی اچھا اچھا ہو گی تیاری جی بس ہو گی کچھ ہمارے لیے بھی تیاری کر لو احمد کی بات سن کر ماہی کی زبان بند ہو گی کیا ہوا کچھ نہیں ماہم اٹک اٹک کے بولی تم مجھ سے اتنا گھبراتی کیوں ہو میں تمھیں کھا تھوڑی جاو گا صرف پیار کروں گا ماہم احمد کی باتیں سن کر شرم سے پانی پانی ہو رہی تھی میں تھوڑا پڑھ لو ماہم نے بہت مشکل سے احمد سے کہا احمد اس کی کیفیت سمجھ سکتا تھا اس لیے زیادہ تنگ نہیں کیا ٹھیک ہے پڑھو تم ماہم نے جلدی سے فون رکھ دیا اور اپنے اپ کو نارمل کرنے لگی

وہ تینوں پیپر دے کر اکٹھی باہر ائی کرن بھی ان کے ساتھ تھی بہت اچھا ہوا ہے پیپر یار شکر ہے فری ہوے ہم مریم بولی ختم ہو گیے پیپر اب میں نے بس سونا ہے میڈم میرے ساتھ شوپنگ پر چلنا ہے تم لوگوں کی وجہ سے میری شوپنگ پنڈنگ ہے ماہم بولی ہاں یار پلان بناتے ہے ماہی نے بھی ان کی بات میں حصہ لیا

اج ان تینوں کا شوپنگ کا پلان تھا کرن سے بھی ان کی بہت اچھی دوستی ہو گی تھی وہ بھی ان کے ساتھ شوپنگ پر ائی تھی کرن مریم اور ماہم کے ساتھ ائی تھی اور ماہی کو دانیال نے ڈاروپ کیا تھا

ان سب نے کافی شوپنگ کی لال رنگ کا بریڈل ڈریس لیا ڈریس بہت خوبصورت تھا سب کو بہت پسند ایا شوپنگ کے بعد وہ سب ہوٹل میں کھانا کھایا ابھی وہ سب کھانا کھا ہی رہے تھے جب وہاں ارتضا اپنے دوست کے ساتھ انٹر ہوا ارتضا کی طرف ماہی کی بیٹھ تھی اس نے ارتضا کو نہیں دیکھا پر مریم نے دیکھ لیا وہ دیکھو ارتضا بھائی مریم کی بات سن کر ماہی کر گلے میں نولہ اٹک گیا کیا ہوا ماہی ماہم نے جلدی سے اس کو پانی دیا کیا ہوا ماہی تم ٹھیک ہو ہاں ٹھیک ہو چلو چلتے ہے ارتضا بھائی سے تو مل لو مجھے نہیں ملنا تم لوگوں کو ملنا ہے تو مل لو میں اکیلی گھر چلی جاوں گی اچھا اچھا رو کو تو چلتے ہے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارتضانے منہل کو دیکھ لیا تھا جب وہ سب باہر نکلی ارتضا بھی ان کے پچھے اگیا ارتضانے منہل کو پکارا ماہی ایک دم گھبر اگی اپ سب یہاں کیا کر رہی ہے کچھ نہیں ارتضا بھائی وہ اپکو تو پتہ ہے ناماہم کی شادی ہے تو بس شوپنگ پر اے تھی شوپنگ کے بعد بھوک لگ گی تو ادر اگیے مریم نے صفائی دی

اچھا ٹھیک ہے وہ سب گاڑی میں بیٹھنے لگی جب ارتضانے کہا او منہل میں اپکو چھوڑ دیتا ہو نہیں میں چلی جاو اپ پریشان نا ہو ان سب کو برا لگے گا اس میں پریشانی والی کونسی بات ہے ہمیں کیو برا لگے گا ماہی تو چلی جا ارتضا بھائی کے ساتھ مریم کے اسا کہنے پر ماہی نے اس کو غصے سے گورا اور مریم نے اپنی چلتی ذبان کو بریک لگائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اجاو میں تمھارا گاڑی میں ویٹ کر رہا ہو ارتضا اپنی گاڑی کی طرف چلا گیا ماہی کو مجبورا اس کے پیچھے جانا پڑا جاتے جاتے مریم کو گھورنا نا بھولی تجھے میں چھوڑو گی نہیں مریم اتنا کہہ کر ارتضا کے پچھے چل پڑی ماہی گاڑی میں اکر بیٹھی اور ارتضانے گاڑی اگیے بڑھا دی گاڑی میں مکمل خاموشی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

منہل بہت نروس ہو رہی تھی اپنے ہاتھوں کا انگلیوں کو مڑ ور رہی تھی ارتضا اس کی ایک ایک حرکت نوٹ کر رہا تھا کیا ہوا منہل میں کوئی غیر تو نہیں ہو شوہر ہو تمھارا اس نے ماہی کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں تھام لیا گھبر اہٹ سے منہل کے ہاتھ بہت ٹھنڈے ہو گیے تھے

ماہی نے اپنا ہاتھ چھوڑنے کی بہت کوشش کی پر ارتضا نے اس کے ہاتھ پر گرفت اور سخت کر لی

وہ گھر پر پہنچے ماہی ایک دم اترنے لگی رو کو منہل مجھے تم سے کچھ بات کرنی

پر مجھے اپ سے کوئی بات نہیں کرنی

پر کیوں

مجھے نہیں پتہ بس اپ مجھ سر دور رہا کرے ماہی کا اسطرح کا رویہ ارتضا کو غصہ دلا گیا اس نے ایک جھٹکے سے ماہی کو کھینچ کر اپنے حصار میں لے لیا کیا کر کرے اپ اس کی کمر پر گرفت مضبوط کر لی چھوڑے مجھے ارتضا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارتضا نے اس کے غصے کی پرواہ کیے بغیر اس کے چہرے پر جھکا تھا ماہی نے اپنا اپ بہت چھوڑنے کی کوشش کی پر ارتضا نے نہیں چھوڑا اس کی انکھوں سے انسو نکل ائے ماہی کے انسو ارتضا کے ہاتھ پر

گرے اپنے ہاتھ پر نمی محسوس ہوئی تو ارتضا ایک دم ہوش میں ایا سوری ماہی

--------------------

ماہی رونے لگی گیے نفرت ہے مجھے اپ سے دور رہے مجھ سے ہر کام میں اپکو زبردستی کرنی اتی ہے پہلے نکاح زبردستی اب یہ سب کچھ ماہی اتنا کہہ کر گاڑی سے اتر کر اندر بھاگ گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

انس جو ابھی ایا تھا ماہی کے الفاظ سن کر خوشی سے سرشار ہو گیا

ماہی کسی سے بات کیے بغیر سیدھا اپنے کمرے میں چلی گی اپنے اپکو کمرے میں بند کر لیا اور رونے کے ساتھ اپنے ہونٹوں کو زور سے مسلنے لگی کیو کرتے ہے میرے ساتھ ایسا نفرت ہے مجھے اپ سے کافی دیر تک رونے کے بعد وہ اٹھ کر فریش ہونے چلی گی

صبح جب اپنے کمرے سے باہر ائی تو انس کو اپنا منتظر پایا کسی ہو پرنسس ارے انس بھائی اپ کب اے بس رات میں ایا تھا جب تم ارتضا کے ساتھ گھر ائی تم تو اتے ہی کمرے میں بند ہو گی اور میں یہاں اکیلا بور ہو تا رہا سوری انس بھی رات میں میری طبیعت نہیں ٹھیک تھی اس لیے جلدی سو گی اچھا اب کسی طبیعت ٹھیک ہو کافی پیئے گیے جی ضرور پیو گا

ماہی کیچن میں کافی بنا رہی تھی جب انس بھی کیچن میں اگیا ماہی ایک بات کہو تم سے جی بولے تمھیں ارتضا پسند نہیں ہے نا انس کی بات سن کر ماہی کا چلتا ہاتھ روک گیا اپکو کس نے کہا ایسی کوئی بات نہیں ہے ماہی نظریں چرا گی

میں سب جانتا ہو ارتضا نے زبردستی نکاح کیا ہے تم اس رشتے سے خوش نہیں ہو اگر تم چاہو تو میں تمھاری مدد کر سکتا ہو اس رشتے سے ازادی کے لیے انس کی بات سن کر ماہی ایک دم شوکڈ ہو گی

یہ کسی باتیں کر رہے ہے اپ میں خوش ہو یا نا ہو پر میں پھیر بھی اس رشتے کو نھبا و گی یہ میرے بڑوں کا فیصلہ ہے

ماہی تم پاگل تو نہیں ہو اسے کیسے ساری زندگی اسے شخص کے ساتھ گزار سکتی ہو جس کو تم پسند نہیں کرتی انس کی بات سن کر ماہی مزید وہاں نا روکی اپنے کمرے میں چلی گئ

کمرے میں اکر انس کی باتوں کو سوچنے لگی انس بھائی ایسا کیو کہہ تھے ویسے کہہ تو ٹھیک رہے تھے کیا کرو کچھ سمجھ نہیں ارہا اللہ جی اپ ہی میری مدد کرو

ارتضا نے سدیہ بیگم کے پاس ایا مما مجھے اپ سے کچھ بات کرنی ہے او بیٹا کیا بات کرنی ہے مما اپ کو پاپا دادا جان کے پاس جاے اور انھیں رخصتی کا کہے کیو بیٹا جی دل نہیں لگ رہا منہل کے بغیر اسا ہی سمجھ لیے اپ اچھا تمھارے پاپا اتے ہے نارات کو پھر جاتے ہے ابا جی کے پاس۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رات کو کھانے کے بعد رضوان اور سدیہ وجاہت شاہ کے پاس گیے ابا جی اج میں پھیر سے اپ کے پاس ایک التیجا کرنے ایا ہو بولو بیٹا فردوس اور ہمدان بھی پاس ہی تھے اپ اب ہمیں منہل کی رخصتی دیے دے ایک نا ایک دن تو یہ کام ہونا ہی ہے تو نیک کام میں دیر کسی ٹھیک ہے بھائی صاحب ہمیں کوئی اتراض نہیں ہمدان نے بات میں حصہ لیا سب بہت خوش ہو گیے ٹھیک ہے اس مہینے کا اخری ہفتہ رکھ لیے رخصتی کے لیے فردوس بیگم نے سب کا منہ میٹھا کر دیا

مما اتنی جلدی رخصتی کیا ہو گیا ہے اپ سب کو مجھے ابھی اور پڑھنا ہے پڑھ لینا بیٹا پڑھنے سے کون منا کر رہا ہے شادی کے بعد پڑھ لینا پر مما اتنی جلدی کیا ہے اپکو شادی کی تنگ اگیے ہے اپ بوجھ بن گی ہو میں اپ سے پر کسی باتیں کر رہی ہو بیٹا ایسی کوئی بات نہیں ہے بس صاحب اور بھابھی ائیں تھے شادی کی ڈیٹ لینے تمھارے دادا اور پاپا نے شادی کی ڈیٹ دیے دی اس مہینے کی اخری ہفتہ مما پلیز ایسا نا کرے پلیز مما مجھے ابھی شادی نہیں کرنی ماہی بحث مت کرو کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اخر کار ماہی کو ماننا ہی پڑا ارتضا میں اپکو نہیں چھوڑو گی اپ اچھا نہیں کر رہے میرے ساتھ
پاپا مجھ یہ شادی نہیں کرنی اپ چچا جان کو منا کر دیے یہ کسی باتیں کر رہے ہو تم مریم تمھاری بچپن کی
منگیتر ہے اسے کیسے جواب دیے دو پر پاپا میں کسی اور کو پسند کر تا ہو فاحد تمھاری شادی صرف اور صرف
مریم سے ہے گی مریم ہی اس گھر کی بہو بنے گی یہ بات اپنے دماغ میں بیٹھا لو میں اپنے بھائی کے اگے
شر مندہ نہیں ہو سکتا

اج ماہم کی مایو تھی سب نے پیلے جوڑے پہنے تھے سب بہت خوبصورت لگ رہیں تھی مریم نے پیلے
جوڑے کے ساتھ پھولوں کا زیور بھی پہنا تھا مریم پر بہت روپ ایا تھا مایو کا انتیظام الگ الگ تھا صرف احمد
کے گھر والے اے تھی رسم کرنے مہندی کا فنگشن اکھٹا تھا مایو کی رسم میں صرف عورتیں شامل تھی
سب نے باری باری ماہم کو ابٹن لگایا ماہی بھی پیلے اور سبز رنگ کے سویٹ میں بہت خوبصورت لگ رح
تھی ماہی کے ساتھ سارا اور فردوس بیگم بھی ائی تھی اور مریم کے ساتھ اس کی ماں ائی تھی اور کرن اکیلی
ائی تھی سب ایک دوسرے سے مل کر بہت خوش ہوئے مریم کی ماں اسیہ اور فردوس بیگم ایک ساتھ بیٹھ
گئ مایو کا فنگشن بہت عروج پر تھا مریم نے بھی ماہی جیسی ڈریسنگ کی تھی وہ بھی بہت خوبصورت لگ رہی
تھی

اپکی بیٹی بہت پیاری ہے سب کو ہسانے والی فردوس نے اسیہ سے کہا بس رونق ہے ہمارے گھر کی جلدی ہی رخصت ہو جانا ہے اس نے اچھا شادی طے ہو گی اس کی نہیں ابھی نہیں منگنی تو بچپن سے ہوئی ہے تایا کے بیٹے سے میرے سسر نے بچپن سے ہی اس کا رشتہ اس کے تایا کے بیٹے کے ساتھ طے کر دیہ تھا کل ایا تھا اس کے تایا کا فون شادی کی ڈیٹ مانگ رہے تھے اچھا یہ تو بہت اچھی بات ہے دیکھے ناتینوں بچپن کی سہلیاں ہے اور اب شادی بھی سب کی ہو رہی ہے بس اللہ پاک ہماری بچیوں کے نصیب اچھے کرے امین

فنگشن ختم ہوا تو سب اپنے اپنے گھر کی طرف روانہ ہو گیے ماہم نے مریم اور ماہی کو اپنے پاس ہی روک لیا اج مہندی کا فنگشن تھا اس کا اتیظام اکھٹا کیا گیا تھا دونوں فیملز نے مارکی میں فنگشن کا اتیظام کیا تھا ماہم پیلے اور سبز رنگ کے سویٹ میں بہت خوبصورت لگ رہی تھی منہل نے گرین کلر کا فروک پہنا تھا وہ بھی خوبصورتی میں اپنی مثال اپ تھی مریم نے لائٹ یلو رنگ کا سوٹ پہنا تھا اج کرن اور مریم نے ایک جیسا سوٹ پہنا تھا

احمد بھی بہت خوبصورت لگ رہا تھا وائٹ سوٹ کے اوپر بلیک وسکوٹ پہنے بالو کو جیل سے سیٹ کیے بہت ہینڈ سم لگ رہا تھا ارتضانے بھی شلوار قمیض کے اوپر وسکوٹ پہنی تھی وہ بھی بہت ہینڈ سم لگ رہا تھا اس کی نظر صرف منہل کو ڈھونڈ رہی تھی

فردوس بیگم انس کو بھی اپنے ساتھ زبردستی ساتھ لے ائی تھی انس بھی بہت خوبصورت لگ رہا تھا بلیک رنگ کا سوٹ اس پر بہت سج رہا تھا کرن تو انس کو دیکھ کر کھو سی گئ

ماہم کو لا کر احمد کے ساتھ بیٹھا دیا گیا ان دونوں کی جوڑی بہت خلگ رہی تھی احمد بھی ماہم کو دیکھ کر کھو سا گیا ماہم جب پاس اکر بیٹھ گئ تو احمد نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا احمد کی اس حرکت سے ماہم شرم سے لال ہو رہی تھی چھوڑے احمد ہاتھ میرا سب دیکھ رہے ہے ماہم کی مذمت کرنے پر احمد نے اس کے ہاتھ پر گرفت سخت کر دی دیکھنے دو اخر کار احمد کو ترس اگیا احمد نے ہاتھ چھوڑ دیا اج تو چھوڑ دیا ہے پر کل کسی چیز کی معافی نہیں ہے کل میں نا نہیں سنو گا احمد نے اس کے کان مے سر گوشی کی احمد کی بات سن کر ماہم کی ریڑھ کی ہڈی تک سنسناہٹ ہوئی اور شرم سے نظریں جھکا گئ

انس منہل کو ڈھونڈتا ہو وا اس کے پاس چلا گیا ہیلو پرنسس کسی ہو میں ٹھیک ہو اپ کسے ہے انس بھائی ارتضا دور کھڑا ان دونوں کو ہی دیکھ رہا اور غصے سے مٹھی بند کر دی ماہی جان بوجھ کر انس سے بات کر رہی تھی

ارتضا چلتا ہوا ماہی کے پاس ایا اور اس کا ہاتھ پکڑ کر انس کے پاس لے گیا کیا ہو گیا ہے چھوڑے مجھے ہاتھ چھوڑے میر اماہی اپنا ہاتھ چھوڑانے کی بہت کوشش کر رہی تھی پر ارتضا گرفت بہت مضبوط تھی وہ اس کو کھنچتا ہوا ایک سائیڈ پر لے گیا انس ان کو جاتا دیکھتا رہا انس کو ارتضا کا ماہی پر یو حق جمانا بہت برا لگ رہا تھا باقی سب نے اتنا نوٹ نہیں کیا

تم کو ایک بات سمجھ نہیں اتی کیو بات کر رہی تھی ارتضا نے اس کو بازوں سے پکڑ کر دیوار کی ساتھ لگا دیا اب میرے بات کرنے پر بھی پابندی ہے ہاں ہے پابندی اتنا غصہ کرنے پر ماہی کی انکھوں سے انسو نکل ائے ماہی کے انسو دیکھ کر ارتضا کو اپنی سخت رویے کا احساس ہوا ماہی کے انسو انکھ سے نکل کر گال پر ایا جس کو ارتضا نے اپنے ہونٹوں سے چن لیا ارتضا کے اس طرح کرنے ماہی کے جسم میں ایک دم کرنٹ لگا اور وہ ارتضا کو پیچھے کرتی وہاں سے بھاگ گئ

اج ماہم کی بارات تھی ہر طرف چہل پہل تھی ہر کوئی کام میں بزی تھا ماہم بھی مریم منہل کے ساتھ پارلر چلی گئ تھی

ماہم عروسی جوڑے میں بہت حسین لگ رہی تھی ریڈ اور گولڈن لہنگے میں بہت خوبصورت لگ رہی تھی

ماہی نے پیچ رنگ کا فراک پہنا تھا اور پیچ رنگ اس صاف رنگ میں بہت جچ رہا تھا مریم نے گرے اور بلیک کلر کا سوٹ پہنا تھا مریم بھی بہت خوبصورت لگ رہی تھی

ان کو پالر سے ماہم کے بھائی نے پک کیا وہ انہیں سیدھا میرج ہال لے گیا

سب نے ماہم کی بہت تعریف کی بارات کا شور ہوا بارات اگی سب نے بارات کا بہت اچھا استقبال کیا احمد بلیک شیروانی میں بہت ہینڈسم لگ رہا تھا

تھوڑی دیر میں نکاح کا شور ہوا نکاح پڑھوایا گیا دونوں بے اپنے اپ کو ایک دوسرے کے نام لکھ دیا

نکاح کے بعد ماہم کو سٹیج کی طرف لایا گیا مریم ورماہی اس کے ہمرا سٹیج کی طرف ارہی تھی سٹیج پر احمد کے ساتھ ارتضا اور دانیال بھی تھے دانیال نے مہندی کا فنگشن اٹنڈ نہیں کیا تھا وہ تو اج بھی نہیں انا چاہتا تھا پر احمد کے اسرار پر اسکو انا پڑا وہ مریم کا سامنا نہیں کرنا چاہتا تھا پر اج اس کا سامنا ہو گیا وہ مریم جو دیکھتے کھو سا گیا یہی حال ارتضا کا تھا ماہی کو دیکھ کر دانیال مریم جو اتا دیکھ کر وہاں سے چلا گیا مریم نے اس کو جاتا

دیکھا ارتضا منہل کو دیکھ کر مسکرا رہا تھا ماہی کو اس کی ہنسی زہر لگ رہی تھی سٹیج کے پاس جا کر احمد نے ماہم کو اپنا ہاتھ دیا جو ماہم نے تھام لیا

ماہم کو احمد کے ساتھ لا کر بیٹھا دیا گیا احمد کے پہلو میں بٹھا کر ماہم کی دل کی دھڑکن تیز ہو گئ تھی ماہی ابھی بھی ارتضا کی نظروں کے حصار میں تھی ماہی سٹیج سے نیچے اترنے لگی کہ اس کا پاوں پھسل گیا وہ ابھی نیچے گرتی ارتضا نے جلدی سے اس کو تھام لیا ان کا یہ منظر کیمرہ کی انکھ میں ریکارڈ ہو گیا ماہی جلدی سے سیدھی ہوئی اور وہاں سے چلی گئ

مریم ور ماہی نے دودھ پلائی کی رسم کی اور نیگ کی صورت میں احمد کی جیب خالی کروائی

کچھ دیر میں رخصتی کا وقت ہو گیا سب کی دعاؤں رخصت ہو کر احمد کے گھر چلی گئ

احمد کے گھر اس کا بہت اچھا استقبال کیا گیا کچھ رسموں کے بعد ماہم کو احمد کے روم میں بیٹھا دیا

کمرہ بہت اچھا سجایا گیا تھا ماہم کمرے کا جائزہ لے رہی تھی ایک دم دروازہ کھلنے کی اواز ائی احمد کمرے میں اگیا اور دروازہ لوک کر دیا

ماہم کی گھبراہٹ سے حالت خراب ہو گئ احمد چلتا ہوا ماہم کے پاس اکر بیٹھ گیا کیوں گھبرا رہی ہو میں تمھیں کھا تھوڑی جاو گا

اس نے ماہم کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا جو گھبراہٹ سے کافی سرد تھا بہت پیاری لگ رہی ہو اور جیب سے ڈبی نکلی یہ تمھارا منہ دیکھائی کا گفٹ احمد نے ایک ڈیمند رنگ نکال کر ماہم کے انگلی میں پہنائی اور ساتھ ہی اس کا ہاتھ چوم لیا احمد کے اس طرح کرنے سے ماہم شرم سے لال ہو گئی

وہ اہستہ اہستہ چھوٹی چھوٹی گستاخیاں کرنے لگا احمد ماہم کے منہ سے بہت مشکل سے لفاظ نک

لے جی جان مجھے چینج کرنا ہے وہ بھاری لہنگے میں بے سکون سی تھی

اوکے جاو چینج کر کہ او ماہم ایک سمپل سا سوٹ نکال کر چیج کرنے چلی گی احمد نے بھی کپڑے چینج کر لیے ماہم اکر بیڈ کے ایک سائید پر بیٹھ گئی احمد جو دوسری سائیڈ پر تھا ماہم کو کھینچ کر اپنے پاس کر لیا ور اس کے ماتھے پر لب رکھ دیے

ماہم نے بھی اپنا اپ احمد کے سپرد کر دیا احمد اج اپنی ساری من مانیاں کر رہا تھا

اگلے دن ولیمہ بھی خیر سے انجام ہو گیا ولیمے کے بعد ماہی اور مریم نے ماہم کو پکڑ لیا اور تنگ کرنے لگی کسی رہی پھیر تمھاری ویڈنگ نائیٹ کیا ملا منہ دیکھا مریم نے پوچھا ماہم نے اپنی رنگ دیکھا دی وایار یہ تو بہت پیاری ہے

وجاہت شاہ نے عائشہ کو فون کر کے منہل اور ارتضا کی شادی کا بتایا اس دفعہ حنان کو بھی ساتھ لے کر انا

ابا جی اپکو تو پتہ ہے انس پاکستان میں ہے ور سارا کام حنان ہی کر رہے ہے پھیر بھی میں انھیں کہوانے کا

اگے ان کی مرضی

ماہی کی شادی کی تیاریاں بھی عروج پر تھی خاندان کی پہلی شادی تھی اس لیے بہت دھوم دھام کی جاری

تھی لیکن ماہی شادی کی کسی کام میں دلچسپی نہیں لے رہی تھی بس ہر وقت خاموش رہتی

مریم کے تایا اج شادی کی ڈیٹ لینے ائے تھے پر فاحد ساتھ نہیں ایا اس کی تائی کلثوم بگیم بھی اس رشتے

سے خوش نہیں تھی وہ فاحد کے لیے اپنی بہن کی بیٹی لانا چاہتی تھی پر اس کے شوہر نے ان کی ایک نا سنی

بھائی صاحب فاحد نہیں ایا مریم کی امی اسیہ نے پوچھا نہیں اسیہ وہ اپنے دوستوں کے ساتھ کسی کام سے گیا

تھا اس لیے نہیں ایا مریم کی بھابھی جو بہت تیز تھی کیچن میں کھڑی باتیں سن رہی تھی مریم بھی ان کے

ساتھ تھی بولی مجھے تو دال میں کچھ کالا لگتا ہے جو فاحد نہیں ایا مریم اس کی باتیں نظر انداز کرتی باہر چلی گئی

ماہی کی شادی سے ایک ہفتہ بعد مریم کی شادی کی ڈیٹ فکس ہو گئی سب بہت خوش تھے پر مریم خوش ہو

کر بھی خوش نا تھی

کرن کے دل میں انس کے لیے محبت بھڑتی جا رہی تھی وہ انس سے شدید قسم کی محبت کرنے لگ گئی تھی

لیکن انس اس بات سے انجان تھا کرن نے ماہی کے فون سے انس کا نمبر لے لیا

انس اس وقت بہت طیش میں تھا اس کو سمجھ نہیں ارہا تھا کے وہ شادی کیسے روکے نہیں ارتضا تم مجھ سے

جیت نہیں سکتے

اور کچھ پلان کرنے لگا وہ ماہی کو تکلیف نہیں پہنچانا چاہتا تھا ڈیر ماہی جان تمھیں میرے پاس انے کے لیے

تھوڑی بہت تکلیف تو برداشت کرنی پڑے گی بعد میں اپنے پیار سے تمھاری ساری تکلیف ختم کر دو گا تم

میرا ضد جنون بن چکی ہو میں ہر حال تمھیں حاصل کرنا ہے اور ذور زور سے ہسنے لگا

اج ماہی کی مایوں تھی وہ پیلے جوڑے میں بنا میک اپ کے بہت خوبصورت لگ رہی تھی ہر کوئی اس کی نظر

اتار رہا تھا مریم ماہم اور کرن بھی ائیں تھی

عائشہ اور ندا بھی مایوں والے دن صبح صبح پہنچ گئ حنان کا کہنا تھا وہ شادی تک پہنچ جائے گا

ساری لڑکیاں پیلے جوڑے میں بہت خوبصورت لگ رہی تھی کرن کی نظر تو صرف انس کو ڈھونڈ رہی تھی

پر انس کا کوئی اتا پتہ نہیں تھا

مریم اور دانیال اپس میں ٹکرائے اس دفعہ بنا کوئی بحث کیے ایک سائیڈ پر ہو گیے جو فردوس بیگم نے بہت نوٹ کیا

ارتضا کے گھر والے مایوں کے لیے اگیے مایو کی رسم گھر میں ہی کی گی تھی صرف گھر کے لوگ تھے سب نے باری باری منہل کو ابٹن لگایا گیا سب نے بہت انجوے کیا رات دیر تک محفل لگی رہی

مہندی کا فنکشن گھر کے لون میں ارینج کیا گیا کچھ دیر میں ارتضا اور اس کی فیملی اگئ سب نے ان کا بہت اچھا استقبال کیا ارتضا وائٹ سوٹ کے اوپر وسکوٹ پہنے ہاتھ پر مہنگی گھڑی پہن کر اور بالوں کو اچھی طرح جیل سے سیٹ کیے بہت خوبصورت لگ رہا تھا

کچھ دیر میں ماہی کو لایا گیا ماہی گرین کرتی اور پیلے رنگ کے لہنگے میں پھولوں کا زیور پہن کر بہت خوبصورت لگ رہی تھی سورج چاند کی جوڑی لگ رہی تھی ہر کوئی تعریف کر رہا تھا

ماہی کو لا کر ارتضا کے ساتھ بیٹھا دیا گیا ارتضا کی نظریں ماہی پر ہی ٹھر گئ تھی ماہی سیدھا ارتضا کے دل میں اتر رہی تھی ماہی کا دل بھی زور زور سے ڈھرک رہا تھا

سب نے باری باری ان دونوں کی رسم کی ارتضا بہت خوش تھا اسکے چہرے سے اج مسکراہٹ غائب نہیں ہو رہی تھی سب ارتضا کو دیکھ کر حیران تھے سد یہ دل ہی دل میں اپنے بیٹے کی نظر اتار رہی تھی ماہی بھی اریضا کو دیکھ کر حیران تھی ہر وقت غصے میں رہنے والا ارتضا اج مسکرا رہا تھ

انس دور کھڑا ان کو دیکھ رہا تھا ہو لو خوش ارتضا شاہ جتنا اج خوش ہونا ہے کل کو یہ خوشی نصیب ہو یا نا ہو کرن انس کو دیکھ کر انس کے پاس اگی اس کو سلام کیا پہلے تو انس حیران ہوا پھیر کرن کو دیکھ کر ایک دم شوخ ہوا خوبصورت لڑکی ویسے ہی انس کی کمزوری تھی کرن بھی بہت خوبصورت تھی اور اج میک اپ میں اور بھی حسین لگ رہی تھی انس نے اس سے بہت اچھے طریقے سے بات کی دور کھڑی عاشہ ان کو دیکھ کر مسکرا رہی تھی انس کو ماہی سے کوئی خاص محبت نہیں تھی بس اس کی خوبصورتی پر مر مٹا تھا

حمزہ بار بار ندا کو مخاطب کرتا ندا اس کے ہر سوال کا بہت اچھے سے جواب دیتی حمزہ کو ندا بہت پسند ائی تھی ان دونوں کی اپس میں بہت اچھی دوستی بھی ہو گئ تھی

احمد اور ماہم ایک ساتھ کھڑے بہت اچھے لگ رہے تھے احمد ہر تھوڑی دیر بعد ماہم کو تنگ کرتا کبھی اس کا ہاتھ پکڑتا تو کبھی کمر سے پکڑتا کیا ہو گیا ہے احمد یہ اپکا بیڈ روم نہیں ہے

سب نے بہت انجوے کیا حمزہ ور ندا نے ایک ساتھ ڈانس بھی کیا

مہندی کا فنگشن خیر سے اپنے اختتام کو پھنچا سب بہت تھک چکے تھے اس لیے جلدی اپنے اپنے کمروں میں چلے گیے

ماہی بھی اپنے روم میں اکر چینج کرنے چلی گئ واپس ائی تو ارتضا اس کے کمرے میں انتیظار کر رہا تھا ارتضا کو دیکھ کر ایک دم چونکی اپ یہاں کیا کر رہے ہے

بھی اپنی دولہن سے ملنے ایا ہو اور کھینچ کر اپنی باہو میں لے لیا۔۔ کیا کر رہے ہیں ارتضا اپ چھوڑے مجھے پلیز

یار تم اتنی خوبصورت لگ رہی تھی مجھ سے کل تک کا اتیظار نہیں ہوا اور تم سے ملنے اگیا

میں تم سے اج کچھ کہنے ایا ہو میں تم سے بہت محبت کرتا ہو I Love you mahi اب سے نہیں پتہ نہیں کب سے کرتا ہو میں نے تمھارے ساتھ بہت زیادتی کی اس کے لیے سوری بس میں تمھیں خود سے دور ہوتا نہیں دیکھ سکتا تھا اس لیے اسا ہوا اگیے تمھارا کبھی دل نہیں دوکھاو گا promise

ماہی کو اج ارتضا پہلے والا ارتضا نہیں لگ رہا تھا غصہ کرنے والا اج تو ارتضا بدلا بدلا تھا اتنا کہتے ہی ارتضا ماہی کے ہونٹوں کی طرف جھکا ماہی نے کافی مذمت کی پر ارتضا کے اگیے سب بیکار تھی

ماہی نے ایک دم ارتضا کو پچھے کیا پلیز ارتضا مجھ سے دور رہے ارتضا اپنا غصہ کنٹرول کر گیا اوکے جب تک تم تیار نہیں ہو گی میں تمھارے پاس نہیں اوگا

اتنا کہتا ہوا ماہی کے ماتھے پر لب رکھتا ہوا وہاں سے چلا گیا

اج ارتضا اور منہل کی بارات تھی سب بہت خوش تھی حنان ملک بھی اج بارات میں شامل ہونے پہنچ گیے تھے سب حنان سے مل کر بہت خوش ہوئے ان کی بہت اچھی مہمان نوازی کی گئی

انس اپنے باپ کو دیکھ کر گھبرا گیا پاپا اپ جی بیٹا کیو میں نہیں اسکتا نہیں پاپا ایسی بات نہیں ہے

پاپا کی وجہ سے پلان فیل نا ہو جائے انس تھوڑا پریشان ہو گیا

منہل اور ندا کو دانیال نے پارلر چھوڑا دیا اور پک کرنے کے لیے ڈریور کا کہہ دیا دونوں کچھ دیر میں تیار ہو گی ندا پہلے تیار ہو گی جب کے منہل کو ابھی ٹایم تھا ندا کے نمبر پر انس کی کال ائی جی بھائی ندا کہا ہو تم میرے کپڑے نہیں مل رہے بھائی اپ کے روم میں میں نے خود رکھوے ہے پر مجھے نہیں مل رہے تم اجاو نا پر بھائی میں ماہی کے ساتھ پارلر میں ہو تمھیں کتنا ٹائم ہے میں تو تیار ہو بس ماہی کو ٹائم اوکے تم لوگوں کو پک کس نے کرنا ہے باہر ڈرایور کھڑا ہے اس کے ساتھ اے گیے تم ایسا کرو تم اجاو ماہی کو میں پک کر لو گا

پکا بھائی جی پکا اوکے میں اتی ہو وہ منہل کو کہہ کر چلی گئ

انس اپنے پلان کی کامیابی پر مسکرانے لگا

منہل عروسی جوڑے میں بہت خوبصورت لگ رہی تھی میم اپ بہت خوبصورت لگ رہی ہے بیوٹیشن نے بھی ماہی بہت تعریف کی۔۔۔۔

ماہی ریڈی ہو کر دانیال کا انتظار کرنے لگی اس نے دانیال کو دو تین دفعہ فون بھی کیا پر اس نے ریسو نہیں کیا پھیر ادنے ندا کو فون کیا جو اس نے جلدی سے اٹھالیا۔۔۔۔۔۔۔

یار ندا کہا ہو سب میں کب سے ویٹ کر رہی ہو تمہیں لینے انس بھائی نہیں ائے کوئی بھی نہیں ایا چلو میں کہتی ہو انس بھائی کو۔۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر میں ماہی کے نمبر پر انجان نمبر سے فون ایا جو ماہی نے ریسو کیا اجاو ماہی میں باہر انتظار کر رہا ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔

انس نے فون میں ماہی سے کہا ماہی فون سن کر باہر کو چلی گئی باہر ایک گاڑی نظر ائی پر انس کہی نظر نا ایا۔۔۔۔

اس کے نمبر پر پھیر فون ایا اجاؤمیں گاڑی میں ویٹ کر رہا ہو ماہی چلتی ہوئی گاڑی میں بیٹھ گئی گاڑی میں بیٹھ جڑ ایک دم چوک گئی گاڑی میں انس نہیں تھا دو آدمی تھے ماہی ایک دم گھبر اگئی کون ہو اپ ماہی کے الفاظ اس کے منہ میں ہی تھے کہ دوسرے آدمی نے اس کے منہ پر رومال رکھ کر بے ہوش کر دیا

ماہی ہوش حواس سے بیگنا ہو گئ اور انس گاڑی میں اکر بیٹھ گیا سوری جانمن پر مجھے ایسا کرنا پڑا

بارات بلکل تیار کھڑی تھی ارتضا شیر وانی میں بہت خوبصورت کسی ریاست کا شہزادہ لگ رہا تھا

کچھ دیر میں ارتضا بارات لے کر پہنچ گیا سب نے ان کا بہت اچھا استقبال کیا

فردوس بیگم نے ندا سے انس کا پوچھا امی جان میں اگئی تھی انس بھائی نے جانا تھا لینے انہیں پر انس ہے کہا مجھے لگتا ہے چلے گئے ہو گئے

کافی دیر انتظار کے بعد جب انس اور ماہی نا پہنچے تو سب پریشان ہو گئے۔۔۔۔۔

بار بار انس اور ماہی کا نمبر ملا رہے تھے پر بند جا رہا تھا فردوس بیگم کا تو برا حال ہو گیا تھا

ایک دم انکھ کھلنے پر اپنے اپ کو ایک اندھیرے کمرے میں پایا پوری طرح ہوش میں انے پر ماہی کو وہ سب یاد انے لگا اور وہ زور زور سے چلنے لگی

ایک آدمی اندر ایا ماہی ایک دم گھبر اگئی کون ہو تم کیوں لائے ہو مجھے یہاں۔۔۔۔۔۔

ارتضا بہت زیادہ پریشان ہو گیا سب طرح طرح کی باتیں کرنے لگے

لگتا ہے لڑکی کا کہی اور چکر تھا جو بھاگ گئی ایک عورت وہاں کھڑی باتیں کرنے لگی فردوس بیگم سب کی

باتیں سن کر ایک دم صدمے میں چلی گئی سارا اپنی ماں کو سنبھالنے لگی۔۔۔۔۔۔

ارتضا کا شک انس پر گیا ارتضا انس کو ڈھونڈنے لگا ندا انس کہا ہے ارتضا بھائی ماہی کو لینے وہی گئے تھے

کچھ دیر میں انس اگیا انس ماہی کہا ہے پتہ نہیں مامی جان میں گیا تھا لینے پر انھوں نے کہا وہ چلی گئ

میں سمجھا دانیال لے ایا ہو گا پر ہوا کیا ہے بھائی وہ ماہی اب تک نہیں ائی۔۔۔۔۔۔۔

کیا کہا ہے ماہی انس نے بھرپور ایکٹنگ کی ارتضا کافی دیر سے کھڑا انس کو نوٹ کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔

اس کا شک یقین میں بدل گیا کہ ماہی کے لاپتہ ہونے کے پیچھے انس ہی ہے۔۔۔۔۔

پر اب ڈھونڈ کسے جائے سب بہت پریشان ہو گیے وجاہت شاہ کی تو طبیعت ہی بگڑ گئ۔۔۔۔۔

وہ ایک دم اپنے دل پر ہاتھ رکھتے بے ہوش ہو گئے سب ان کی طرف بھاگے انس دور کھڑا دیکھ رہا وہ بہت

ریلکس تھا جو ارتضا کافی دیر سے نوٹ کر رہا تھا

وجاہت شاہ کو ہسپتال لے کر جایا گیا سب مردان کے ساتھ ہسپتال چلے گے۔۔۔۔۔۔

جبکہ انس گھر کے اندر چلا گیا سب ہسپتال پہنچے وجاہت شاہ کو جلدی سے ایمرجنسی میں لے جایا گیا

ارتضا میری بہن ایسی نہیں ہے ضرور اس کے ساتھ کوئی حادثہ ہوا ہے

مجھے پتہ ہے ماہی کہا ہے ارتضا کے کہنے پر دانیال ایک دم چوکا کیا یہ تم کیا کہہ رہے ہو

انس کے پاس ہے ارتضا تم پاگل تو نہیں ہو گئے دانیال میں سچ کہہ رہا ہو نہیں یقین تو چلو میرے ساتھ پر کہاں میں نے انس کی گاڑی میں ایک چیپ لگائی ہے جس سے ہمیں پتہ چل جائے گا انس کہاں ہے اس وقت

ابھی وہ بات کر ہی رہے تھے کہ ڈاکٹر باہر ایا کسے ہے میرے والد صاحب راضوان شاہ نے جلدی سے اگے جا کر پوچھا ہاٹ اٹیک ہوا ہے ابھی ہوش نہیں ایا پر اب خطرے سے باہر ہے

ڈاکٹر کی بات سن کر سب نے سکون کا سانس لیا

چلو میرے ساتھ دانیال پر کہاں بتایا تو ہے

ماہی کا چیخ چیخ کر گلا خشک ہو گیا پلیز مجھے یہاں سے باہر نکالو میرے گھر والے میرا انتظار کر رہے ہو گئے مجھے تو انس بھائی لینے ائے تھے پھیر میں یہاں کسے اگئی

